© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ڈاکٹر قدیر خان کو صدر بنائیں گے۔(نواز شریف)

سب کچھ لٹا کر ہوش میں آئے تو کیا کیا!

☆واشنگٹن: نائن الیون کا الزام امریکی حکومت پر لگانے والے پروفیسر کو جبری رخصت پر بھیج دیا گیا۔(ایک خبر)

ورنہ سقراط مر گیا ہوتا
اُس پیالے میں زہر تھا ہی نہیں

☆کلاس فیلو لڑکی کا خاکہ بنانے پر یونیورسٹی کے طالب علم کو پانچ ہزار روپے جرمانہ۔(ایک خبر)

اب لڑکیوں کے یوں ہی اڑیں گے خاکے
''تیری گلنار کالج میں میرا گلزار کالج''

☆مسلمان اسلامی فاشسٹ ہیں۔(امریکی صدر بش)

بات اتنی ہے کہ اُس کو شرم کرنا چاہیے
اِن برہنہ گالیوں پر ڈوب مرنا چاہیے

☆جب تین ''حسین'' اکٹھے ہیں تو اختلاف کیسا؟(حافظ حسین احمد)

عام ہے چاروں طرف ذریتِ ابن زیاد
کوئی ہے پاکستان کے کوفہ میں دربانِ حسین؟

☆آغا خان ہسپتال میں ڈاکٹر قدیر کا کامیاب آپریشن، پھولوں کے ڈھیر لگ گئے۔(ایک خبر)

آدمی کرتا ہے رسماً آدمی کا احترام
دل بڑی مشکل سے کرتا ہے کسی کا احترام

☆اوجڑی کیمپ امریکہ نے تباہ کیا۔(جنرل ریٹائرڈ جاوید ناصر)

بہت پرانا محسن ہے!

☆قرآن وسنت کے منافی قانون سازی کرنے والا لعنتی ہوگا۔(چودھری شجاعت)

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا!

☆اکبر بگٹی کوئی عالم دین نہیں تھے کہ امریکہ کے کہنے پر مارتے۔(چودھری شجاعت)

شکر ہے علماء......کی ذمہ داری تو قبول کی!

☆صدر مشرف گھوڑے کی طرح تندرست ہیں۔(محمد علی درانی)

یہی بات کوئی مولوی کہتا تو پولیس نقصِ امن کے مقدمے میں گرفتار کر لیتی۔

☆غیر ملکی ذرائع کی لاعلمی: ''خلیج ٹائمز'' نے صہبا مشرف کا نام ''سر شرن کور'' لکھ دیا۔(ایک خبر)

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

© rasailojaraid.com